الطاف حسین کی 55 ویں سالگرہ کل کراچی سمیت سندھ بھر میں منائی جائے گی

آج رات 12 بجے ایم کیو ایم کے کارکنان نائن زیرو عزیز آباد، حیدرآباد، میرپورخاص اور دیگر شہروں میں جمع ہوکر قائدتحریک الطاف حسین سے تجدید عہدوفا کریں گے اورانہیں سالگرہ کی مبارکباد پیش کریں گے

لندن میں 17 ستمبر کوافطار پارٹی کا اہتمام کیا جائے گا

کراچی۔۔۔16، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کے بانی وقائد جناب الطاف حسین کی 55 ویں سالگرہ کل بروز بدھ کو پاکستان سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں سادگی سے منائی جائے گی۔اس سلسلے میں کراچی سمیت سندھ بھر میں 16 ستمبر کی شب 12 بجے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد، حیدرآباد، میرپورخاص اور سندھ کے دیگر شہروں میں ایم کیو ایم کے زونل دفاتر پر ایم کیو ایم کے کارکنان اور ہمدرد جمع ہوکر جناب الطاف حسین سے اپنے عہد وفا کی تجدید کریں گے اورانہیں 55 ویں سالگرہ کی مبارکباد پیش کریں گے ۔جناب الطاف حسین کی 55 ویں سالگرہ کے موقع پر ایم کیو ایم کے حق پرست وزراء، ارکان سینیٹ ،قومی وصوبائی اسمبلی اورحق پرست ناظمین سندھ کے مختلف اسپتالوں اور جیلوں کے دورے کریں گے اورسالگرہ کی خوشی میں مریضوں اوراسیروں کو پھل اور پھول پیش کریں گے ۔سندھ کی طرح صوبہ سرحد، بلوچستان اورصوبہ پنجاب میں بھی جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریبات منعقد کی جائیں گی جبکہ برطانیہ سمیت دنیا کے مختلف ممالک میں بھی جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریب روایتی جوش وخروش سے منائی جائے گی اوراس سلسلے میں ایم کیو ایم کے کارکنان وعوام کے خصوصی اجتماعات منعقد کئے جائیں گے ۔لندن میں جناب الطاف حسین کی سالگرہ کی تقریب کے سلسلے میں 17 ستمبر کو ایم کیو ایم یوکے یونٹ کی جانب سے افطار پارٹی کا اہتمام کیا جائے گا جبکہ 16 ستمبر کی شب ایم کیو ایم برطانیہ کے کارکنان ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں جمع ہوکر جناب الطاف حسین کو سالگرہ کی مبارکباد پیش کریں گے۔

نائن زیرو کے ہمسائے عامر علی جعفری کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔16، ستمبر 2008ء۔۔۔متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو کے ہمسائے عامر علی جعفری کے انتقال پر گہرے دکھ اورافسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اورسوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔

ایم کیو ایم امریکہ کے زیراہتمام اٹلانٹا میں افطار پارٹی منعقد کی گئی۔افطار پارٹی میں اٹلانٹا میں مقیم پاکستانیوں کے علاوہ اہم امریکی شخصیات کی شرکت

اٹلانٹا۔۔۔16 ستمبر 2008ء۔۔۔ایم کیو ایم امریکہ کے زیراہتمام اٹلانٹا میں افطار پارٹی منعقد کی گئی۔افطار پارٹی میں اٹلانٹا میں مقیم پاکستانیوں کے علاوہ اہم امریکی شخصیات نے بھی شرکت کی۔افطار پارٹی کے مہمان خصوصی اٹلانٹا کی فلٹن کاؤنٹی کے چیئرمین جون ایچ ایز جونیئر (John H Eayes Jr) تھے۔دعوت افطار سے جون ایچ ایز جونیئر، ایم کیو ایم امریکہ کی سینٹرل آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن ندیم صدیقی، یونٹ انچارج نعمان سجانی اوردیگر افراد نے خطاب کیا۔جون ایچ ایز جونیئر نے اپنے خطاب میں دہشت گردی کے خلاف جاری جنگ کا ذکر کرتے ہوئے کہا کہ دنیا کو اس وقت دہشت گردی کا سامنا ہے اوردنیا کی تمام امن پسند قوتوں کو چاہیے کہ وہ عالمی امن کیلئے مشترکہ کوشش کریں۔ایچ ایز جونیئر نے دہشت گردی اورانتہاپسندی کے خلاف ایم کیو ایم کے کردار کو سراہا۔ندیم صدیقی نے پاکستان کے امیج کو بہتر بنانے کے سلسلے میں امریکہ میں مقیم پاکستانیوں کے باہمی اتحاد اورر ابطوں کو بڑھانے کی ضرورت پر زور دیا۔

☆☆☆☆☆